درس چہارم

چوتھا سبق

کتاب

شاعر: استاد بدیع الزمان فروزان فر

مشکل الفاظ کے معانی

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
باز جویی	تو تلاش کرے	رھنمون	راھنما
خطا	غلطی	دانش	علم
صواب	صحیح، درست	فراوان	زیادہ
نیابی	تو نہیں پائے گا	روزگار	زمانہ
ھمنشین	ساتھی	بہ دست آوری	تو حاصل کرے
بیاموزدت	تجھے سکھاتی ہے	نشاید	مناسب نہیں
راہ و رسم	طور طریقے	بگذاری	تو چھوڑ دے
آزادگی	آزادی	بگذری	تو گزر جائے

☆ ☆ ☆

(ترجمہ و تشریح)

۱۔ اگر باز جویی خطا از صواب نیابی یکی ھمنشین چون کتاب

ترجمہ:

اگر تو غلط اور صحیح کا فرق معلوم کرنا چاہے تو کتاب جیسا کوئی ساتھی نہیں پائے گا۔

تشریح:

استاد بدیع الزمان فروزان فر نے اس شعر میں کتاب کی اہمیت اجاگر کی ہے۔ وہ کہتے ہیں اگر تم کھوٹے، کھرے یا اچھے برے کا فرق معلوم کرنا چاہتے ہو تو تمہیں کتاب جیسا ساتھی کہیں نہیں ملے گا۔ کتاب ایک ایسی دوست اور ساتھی ہے جو انسان کے علم میں اضافہ کرتی ہے۔ کتاب کو ساتھی یا دوست اس لئے کہا گیا ہے کہ یہ انسان کا اکیلا پن دور کرتی ہے اور اس کی بوریت کا علاج ہے۔

۲۔ ز کار جہانت دھد آگہی بیاموزدت راہ و رسم بہی

ترجمہ:

تجھے دنیا کے کاموں سے آگاہ کرتی ہے اور تجھے اچھائی کے طور طریقے سکھاتی ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر کہتا ہے کہ کتاب تجھے دنیا کے کاموں سے آگاہ کرتی ہے یعنی دنیا کے اندر رہنے کے طور طریقے بتاتی ہے۔ اس دنیا میں کامیاب زندگی گزارنے کے راز بتاتی ہے۔ ایسے طور طریقے سکھاتی ہے کہ جن سے زندگی بہتر ہو۔ اس شعر میں اس نکتے کی طرف اشارہ کیا گیا ہے کہ کتاب انسان کو علم سکھاتی ہے۔ علم سیکھنے سے انسان کو بہتر زندگی گزارنے کے طور طریقے آ جاتے ہیں۔

www.downloadclassnotes.com

۳۔ بود سوی آزادگی رہنمون کند مرد را دین و دانش فزون

ترجمہ:

(کتاب) آزادی کی طرف رہنمائی کرتی ہے۔آدمی کے دین اور علم میں اضافہ کرتی ہے۔

تشریح:

شاعر اس شعر میں کہتا ہے کہ کتاب انسان کو آزادی کا درس دیتی ہے اور اس کو آزادی کی طرف رہنمائی کرتی ہے۔اسی طرح کتاب آدمی کے دین اور علم میں اضافہ کرتی ہے۔آزادی، دین اور علم انسان کی زندگی میں بہت اہم کردار ادا کرتے ہیں۔شاعر ان کے حوالے سے کتاب کی اہمیت بیان کرتے ہوئے کہتا ہے کہ کتاب سے ہم آزادی، دین اور علم کی روشنی حاصل کرتے ہیں۔

۴۔ کتاب است آئینۂ روزگار کہ بینی در آن رازھا آشکار

ترجمہ:

کتاب زمانے کا آئینہ ہے جس کے اندر تو رازوں کو ظاہر ہوتے دیکھے گا۔

تشریح:

کتاب انسان کو دنیا بھر کی معلومات فراہم کرتی ہے چاہے ان کا تعلق ماضی سے ہو، حال سے یا مستقبل سے۔اس لئے یہ انسان کیلئے زمانے کے آئینے کی طرح ہے۔اس میں انسان پر چھپے ہوئے راز آشکار ہو جاتے ہیں۔اسے وہ چیزیں معلوم ہو جاتی ہیں جنہیں وہ اس سے پہلے نہیں جانتا۔مختصر یہ کہ کتاب انسان کیلئے بہت اہمیت رکھتی ہے۔

۵۔ چنین ھمنشین گر بہ دست آوری نشاید کہ بگذاری و بگذری

ترجمہ:

اگر اس طرح کا ساتھی تمہیں مل جائے تو پھر تمہیں زیب نہیں دیتا کہ تم ایسے ساتھی کو چھوڑ دو اور چل دو۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر کہتا ہے کہ ایسا اچھا ساتھی اگر تمہیں میسر آئے تو پھر اسے پڑھنے کی بجائے رکھ دینا اور چھوڑ کر چلے جانا تمہیں زیب نہیں دیتا۔تمہیں چاہیے کہ اس کی اس قربت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنے علم و دین میں معلومات کا اضافہ کرو اور چھپے ہوئے رازوں سے آگاہی حاصل کرو کیونکہ کتاب انسان کا مخلص ترین دوست ہے۔

☆ ☆ ☆

تمرین کا حل

(ا)

سوال ۱: شاعر کے نزدیک بہترین ہمنشین کون ہے؟

جواب: شاعر کے نزدیک بہترین ہمنشین کتاب ہے۔

سوال ۲: اس نظم میں کتاب کے کون کون سے فوائد بیان کیے گئے ہیں؟

جواب: کتاب سے بہتر کوئی ساتھی نہیں ہے یہ ہمیں اچھائی اور برائی کا فرق بتاتی ہے۔ہمیں دنیا کے کاموں سے آگاہی دیتی ہے۔زندگی گزارنے کے بہتر طور طریقے سکھاتی ہے۔آزادی کی طرف ہماری رہنمائی کرتی ہے ہمارے علم اور دین میں اضافہ کرتی ہے۔کتاب

www.downloadclassnotes.com

زمانے کا آئینہ ہے جس میں راز آشکار ہوتے دکھائی دیتے ہیں۔

سوال۳: کتاب کو "آئینہ روزگار" کیوں کہا گیا ہے؟

جواب: آئینہ چہرہ دیکھنے کیلئے ہوتا ہے جبکہ کتاب کے اندر زمانے بھر کے حالات و واقعات دیکھے یعنی پڑھے جا سکتے ہیں۔اس لئے اسے "آئینہ روزگار" کہتے ہیں۔

سوال۴: یہ نظم کس شاعر کی تخلیق ہے؟

جواب: یہ نظم استاد بدیع الزمان فروزان فر کی تخلیق ہے۔

سوال۵: کتاب کے بارے میں فارسی میں پانچ مختصر جملے لکھیے۔

جواب:
۱۔ کتاب دوست خوبی است۔(کتاب ایک اچھی دوست ہے)
۲۔ کتاب آدم را سرگرم نگاہ می دارد۔(کتاب آدمی کو سرگرم رکھتی ہے)
۳۔ کتاب بہ ما دانش، دین و روش زندگی می آموزد۔(کتاب ہمیں علم، دین اور زندگی کے طریقے سکھاتی ہے)
۴۔ کتاب رفیق خوب در خلوت است۔(کتاب تنہائی کی اچھی ساتھی ہے)
۵۔ کتاب بہ ما اطلاعات زمان گذشتہ، حال و آیندہ می دھد۔
(کتاب ہمیں ماضی، حال اور مستقبل کی معلومات دیتی ہے)

☆ ☆ ☆

(۲)

سوال۱: فعل اور صیغہ لکھیے: جویی۔ نیابی۔ دھد۔ کند۔ نشاید

جواب:

الفاظ	معانی	فعل	صیغہ
جویی	تو تلاش کرتا ہے۔	مضارع اخباری	واحد حاضر
نیابی	تو نہیں پاتا	مضارع اخباری	واحد حاضر
دھد	وہ دے	مضارع اخباری	واحد غائب
کند	وہ کرے	مضارع اخباری	واحد غائب
نشاید	زیب نہیں دیتا	مضارع اخباری	واحد غائب

سوال۲: بیاموزدت کے اجزا الگ الگ لکھیے۔

جواب: بیاموزدت (وہ تجھے سکھاتی ہے)

اس کے چار اجزا ہیں: ب+آموز+د+ت

ب: فعل مضارع التزامی کی علامت ہے۔ آموز: مصدر "آموختن" کا امر ہے۔

د: ضمیر متصل ہے جس کے معنی "وہ" کے ہیں۔ ت: ضمیر متصل ہے جس کے معنی "تجھے" کے ہیں۔

سوال۳: مندرجہ ذیل الفاظ کے معانی بیان کیجیے۔

صواب، بہی، رھنمون، فزون، آشکار

جواب:

الفاظ	معانی
صواب	صحیح۔ٹھیک۔درست۔مناسب
بہی	اچھائی۔بہتری۔بھلائی
رہنمون	رہبر۔لیڈر۔راہنما
فزون	زیادہ ۔ بڑھنا
آشکار	عیاں۔ روشن۔ ظاہر۔ واضح

معروضی سوالات

1:کثیر الانتخابی سوالات(Multiple Choice Questions)

☆ ہر سوال کے نیچے چار ممکنہ جواب دیئے گئے ہیں . ان میں سے صرف ایک جواب درست ہے. درست جواب پر نشان(✓)لگایئے:

-1 ☆شاعر کے نزدیک بہترین ہمنشین کون ہے؟
(الف)والدین (ب) دوست (ج) کتاب ✓ (د) استاد

-2 ☆نظم کتاب کے شاعر کا نام ہے:
(الف)سعدی شیرازیؒ (ب) استاد بدیع الزمان فروزان فر ✓ (ج) خلیل خطیب رہبر (د) علامہ محمد اقبالؒ

-3 ☆کتاب ہماری رہنمائی کرتی ہے:
(الف)دولت کی طرف (ب) شہرت کی طرف (ج) بلند مقام کی طرف (د) آزادی کی طرف ✓

-4 ☆زمانے کا آئینہ کسے کہتے ہیں؟
(الف)مذہب کو (ب) کتاب کو ✓ (ج) اللہ کے سیدھے راستے پر چلنے والوں کو (د) ضمیر کو

-5 ☆"فزون" کے معنی ہیں:
(الف)زیادہ ✓ (ب) صحیح (ج) آشکار (د) بھلائی

☆☆☆☆☆